ROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

**LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)**

**Notice No. 867**

**Department:- Home and Tribal Affairs**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 867

منجانب:۔ جناب اکرام اللہ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ داخلہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ خیبر پختونخوا پولیس میں 2022 پولیس رولز کے برعکس لسٹ F۔ کی تیاری کا قانونی طریقہ کار تبدیل کر کے سینیارٹی کو غلط بنیادوں پر مرتب کیا گیا، جس کے نتیجے میں 600 سے زائد جونیئر افسران کو ترقی دی گئی جبکہ 100 سے زائد سینئر افسران اپنے حق سے محروم ہو گئے۔ فاضل سروس ٹریبونل کے 23 جنوری 2026 کے فیصلے میں واضح ہدایت دی گئی ہے کہ لسٹ F کو سب انسپکٹر کی اصل تاریخ کنفرمیشن کے مطابق از سر نو مرتب کیا جائے۔ تاہم ابھی تک اس فیصلے پر محکمہ نے عمل درآمد نہیں کیا۔ لہٰذا محکمہ سروس ٹریبونل کے فیصلے پر عمل درآمد کر کے لسٹ F۔ کی قانونی بنیادوں پر از سر نو ترتیب اور متاثرہ افسران کی سینیارٹی و ترقی کے حقوق کی بحالی کے لیے اقدامات کریں۔